# نگران وزیراعظم کیجانب سے تحریک انصاف کو ریاست کے مقابل قرار دینے کی شرانگیز کوشش اور جبری گمشدگیوں کے معاملے پر بلوچستان اور مقبوضہ کشمیر کے مابین موازنے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے نگران وزیراعظم کے بیانات جہالت، کج فہمی، حماقت اور غیرذمہ داری کی شرمناک مثالیں قرار

نگران وزارتِ عظمیٰ کے منصب پر بیٹھا شخص احمقانہ بیان بازی سے داخلی بحران کی سنگینی میں اضافے اور دنیا میں پاکستان کے تشخص کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا رہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف وفاق کی سب سے بڑی سیاسی قوّت، ریاست کے مفادات کی محافظ ہے، ترجمان تحریک انصاف

چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے اپنے فلسفۂ سیاست سے لسانیت، علاقائیت، فرقہ واریت اور داخلی تقسیم سے ریاست کیلئے جنم لینے والے سنگین خطرات کا مؤثر انسداد کیا، ترجمان تحریک انصاف

معاشرے کے تمام طبقات خصوصاً نوجوانوں اور خواتین کو سیاسی دھارے میں متحرک کرتے ہوئے چیئرمین عمران خان نے ریاست میں جمہوریت کو ٹھوس بنیادیں فراہم کیں، ترجمان تحریک انصاف

بطور وزیراعظم معاشرے کے غریب ترین اکثریتی طبقے کو ریاستی وسائل میں حصہ دار بنا کر چیئرمین عمران خان نے ریاست کو طبقاتی تقسیم و کشمکش کے خطرے سے بچایا، ترجمان تحریک انصاف

ملکی معاشی ڈھانچے کی اصلاح اور قومی اقتصاد کی ترقی کے ذریعے وزیراعظم عمران خان نے ریاست کو خودانحصاری اور خود کفالت کی ٹھوس بنیادیں فراہم کیں، ترجمان تحریک انصاف

ملک میں آزاد عدلیہ کے تصوّر میں اپنی بے مثال جدوجہد سے حقیقت کا رنگ بھر کر چیئرمین عمران خان اور تحریک انصاف نے ریاست کو قانون کی حکمرانی کی ٹھوس اساس فراہم کی، ترجمان تحریک انصاف

دستور شکن اور جمہوریت بیزار قوتوں نے آج ریاست کیلئے سنگین خطرات پیدا کئے ہیں تو تحریک انصاف ہی وہ واحد سیاسی قوت ہے جو ریاست کے دفاع میں میدان میں ڈٹ کر کھڑی ہے، ترجمان تحریک انصاف

ریاست کو حقیقی خطرہ آئین و قانون کی پامالیوں، جمہوریت پر ماری جانے والی شب خون اور اقتدار پر مسلّط احمقوں کے ناقص فیصلوں، جاہلانہ بیانات سے ہے، ترجمان تحریک انصاف

نگران وزیراعظم نے ریاست کے ایک مستقل صوبے اور ایک مقبوضہ و عالمی طور پر متنازعہ خطے کے مابین موازنہ کرکے اپنی جہالت اور سرکار کی منتشر سوچ پر مہرِ تصدیق ثبت کی ہے، ترجمان تحریک انصاف

بلوچستان سمیت ملک بھر میں لاقانونیت مرکز اور صوبوں میں قائم غیر منتخب حکومتوں اور ان کے سہولتکاروں کا کیا دھرا ہے،

پاکستان کے ایک صوبے اور مقبوضہ کشمیر کے حالات میں مماثلت تلاش کرنا ایک انتہائی خطرناک سوچ کی غمازی کرتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

نگران وزیراعظم حماقتوں کے ریکارڈ قائم کرنے کی بجائے اپنا آئینی فرض نبھائیں، آزاد اور منصفانہ الیکشن کروائیں اور گھر کو سدھاریں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ